Administration for Children's Services

# اسیر والدین
# کے بچوں کے
# لیے پروگرام
# (CHIPP)




Children of Incarcerated Parents Program (CHIPP)
Division of Family Permanency Services
NYC Administration for Children's Services
150 William Street, 8th Floor
New York, NY 10038


**Children of Incarcerated Parents Program (CHIPP)**


Division of Family Permanency Services
Administration for Children's Services
150 William Street، آٹھویں منزل
New York, NY 10038


مزید معلومات کے لیے یا والدین /بچے کی ملاقات یا کینس کانفرنس کے لیے رجسٹریشن کروانے کے لیے، براہ کرم CHIPP سے بذریعہ فون 212-341-4883 پر رابطہ کریں یا CHIPP@acs.nyc.gov پر ہمیں ای میل کریں۔

**NYC کی انتظامیہ برائے خدمات اطفال**
**Bill de Blasio، میئر**
**David A. Hansell، کمشنر**

# CHIPP: نظر سے دور، لیکن ذہن سے دور نہیں

## CHIPP کیا ہے؟

شعبہ برائے فیملی کے دوام کی خدمات میں ہی واقع، ACS کی اسیر والدین کے بچوں کے لیے پروگرام ( Children of Incarcerated Parents Program, **CHIPP**) کی تخلیق اسیر شدہ والدین یا نوعمر فرد پر مشتمل کیسز میں متعدد خدمات، تعاون اور تکنیکی اعانت فراہم کرنے کے لیے جون 2000 میں ہوئی تھی۔ CHIPP کی تشکیل اس سمجھ بوجھ کے ساتھ ہوئی تھی کہ زیادہ تر کیسز میں:

- والدین اپنی اسیری کے باوجود، اپنے بچوں کی زندگیوں میں اہم کردار ادا کرتے رہتے ہیں؛
- جو والدین اسیر ہیں وہ دوام کی منصوبہ بندی میں اعانت کر سکتے ہیں اور اس میں شامل رہنا ہوتا ہے (خاص طور پر اگر وہ ڈسچارج کا وسیلہ ہوں)؛
- جو والدین اسیر ہیں وہ اپنے بچوں سے بری طرح محروم ہیں اور والدین و بچے کے بیچ رابطہ کی سہولت رسانی بچوں کی زبردست مدد کر سکتی ہے۔

## CHIPP کون سی خدمات پیش کرتی ہے؟

**والدین کی نشاندہی کرنا:**

- CHIPP کا عملہ والدین کی نشاندہی کرنے اور فوجداری نظام انصاف میں رہتے ہوئے ان کا اتہ پتہ ٹریک کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔
- CHIPP کا عملہ ایسے نوجوانوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کر سکتا ہے جو بالغوں کے لیے فوجداری نظام انصاف میں ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسے نوعمر فرد کو جانتے ہیں جس کا اتہ پتہ معلوم نہیں ہے یا جو آپ کے علم کے مطابق گرفتار، ہے اسے بالغوں کے لیے فوجداری نظام انصاف میں رکھا جا سکتا ہے۔
- آپ تین مختلف اصلاحی نظاموں کو کال کرکے فوجداری نظام انصاف میں موجود والدین یا نوعمر فرد کی نشاندہی کر سکتے ہیں جو یہاں ہو سکتے ہیں: سٹی، ریاست یا وفاق۔ کال کرنے سے پہلے، براہ کرم والدین/نوعمر فرد کا نام، تاریخ پیدائش اور کوئی معلوم عرفی نام موجود رکھیں۔

NYC محکمہ اصلاحات (NYC Department of Corrections, DOC): 718-546-0700

NYS محکمہ اصلاحات (NYS Department of Corrections, DOCS): 518-457-5000

وفاقی محکمہ اصلاحات: 202-307-3198

مزید معلومات کے لیے براہ کرم **CHIPP** کو کال کریں:
**(212) 341-4883**
ای میل: **CHIPP@acs.nyc.gov**

## ملاقاتیں اور رابطے کی دیگر شکلیں

- ہر منگل کو Rikers Island میں CHIPP والدین و بچوں اور سگے بھائی بہنوں کی ملاقاتوں نیز کیس کانفرنسوں کی سہولت بہم پہنچاتا ہے – جس میں تحفظ اطفال کی کانفرنسیں، فیملی ٹیم کی کانفرنسیں اور منصوبۂ خدمت کے جائز (service plan reviews, SPRs) شامل ہیں۔
- مہینے میں کئی بار CHIPP میٹروپولیٹن کے وسیع تر علاقوں اور گردوپیش کی ریاستوں میں ہی موجود وفاقی اصلاحی فسلیٹیز کو والدین و بچے کی ملاقاتوں اور کیس کانفرنسوں کی سہولت بہم پہنچاتا ہے۔
- CHIPP کا عملہ والدین کے ساتھ فون رابطہ اور ٹیلی کانفرنسوں کا انتظام کر سکتا ہے۔ یہ چیز دوام کا منصوبہ تیار اور اپ ڈیٹ کرنے میں اور فیملی ٹیم کی کانفرنسوں اور منصوبۂ خدمت کے جائزوں کی سہولت بہم پہنچانے میں خاص طور پر مفید ہے۔

## تکنیکی اعانت اور تربیت

- ACS اور ایجنسی کے عملہ اور رضاعی نگرانوں کو CHIPP آدھے دن کی تربیت پیش کرتا ہے جس میں دستی کتابچہ اور ویڈیوز جیسے وسائل شامل ہیں۔ تربیت میں ملاقاتوں کے لیے تیاری کرنے کا طریقہ، ملاقاتوں پر بچوں کے ردعمل، رضاعی والدین کے ساتھ کام کرنا، اسیر والدین کے ساتھ دوام کا منصوبہ، متعلقہ پالیسیاں اور طریقہ کار جیسے عنوانات اور مزید بہت کچھ محیط ہیں۔
- CHIPP کا عملہ کیس کے ساتھ مخصوص اور عمومی تکنیکی اعانت بھی پیش کرتا ہے۔

## اضافی وسائل

- ACS کے آفس آف ایڈوکیسی کی حقوق والدین و اطفال کی یونٹ ان اسیر والدین کےلیے ایک کلیکٹ کال لائن، (212) 619-1309 پیش کرتی ہے جنہیں رضاعی نگہداشت یا ACS میں اپنے بچوں کے بارے میں تشویشات لاحق ہیں۔ والدین (212) 676-9421 پر باقاعدہ ہاٹ لائن کو بھی کال کر سکتے ہیں۔
- اپ اسٹیٹ فسیلیٹیز میں ملاقاتوں کے لیے، براہ کرم (212) 442-5134, (212) 442-5041 (مائیں) یا (212) 341-9669 (باپ) پرکال کریں۔
- اسیر والدین صرف ملاقات سے متعلق تشویشات کے لیے CHIPP کی نئی کلیکٹ کال لائن کو (212) 341-3322 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔

## اکثر پوچھے گئے سوالات

### ان کیسز کے سلسلے میں ACS کی پالیسی کیا ہے جہاں والدین اسیر ہیں؟

جو والدین اسیر ہیں (جن کے بچے رضاعی نگہداشت میں ہیں) انہیں بہت حد تک ان دیگر والدین جیسے ہی حقوق اور ذمہ داریاں حاصل ہیں جن کے بچے رضاعی نگہداشت میں ہیں، بشمول لیکن بلا تحدید: اپنے بچوں کے ساتھ ملاقاتیں موصول کرنے، دوام کی منصوبہ بندی میں شامل کیے جانے اور فیملی کورٹس کی تاریخوں میں پیش کیے جانے کا حق۔ جو والدین اسیر ہیں ان پر اپنے اتہ پتہ، اپنے بچوں کے مستقبل کے بارے میں اپنے کیس ورکر کو اپ ڈیٹ کرنے اور اپنے منصوبۂ خدمت کی (ممکنہ حد تک) تعمیل کرنے کی ذمہ داری بھی عائد ہے۔

### کیا کیس پلانر کو بہت دور، والدین کے اسیر ہونے پر بھی والدین و بچوں کی ملاقاتوں کی سہولت بہم پہنچانا ضروری ہے؟

ہاں۔ اگر منصوبہ اتحاد نو کا ہو اور ملاقاتوں کو بچے کے بہترین مفاد میں تصور کیا جائے اور اصلاحی فسیلیٹی کا مقام اور طریقہ کار ملاقاتوں کی اجازت دے تو والدین و بچوں کو ملاقاتیں (ممکن ہونے پر) مہینے میں کم از کم بار ہونا لازم ہے۔ یہ پالیسی میٹرو پولیٹن کے وسیع تر علاقے اور گردوپیش کی ریاستوں میں لاگو ہوتی ہے۔

### ASFA کیسز پر کس طرح لاگو ہوتا ہے والدین کو اسیر کی گیا ہو؟

یوں تو تبنیت اور محفوظ خاندان سے متعلق ایکٹ ( Adoption & Safe Families Act, ASFA) اس پیمانۂ وقت کو مختصر کرتا ہے جب تک خاندانوں کو اتحاد نو کے ضمن میں کام کرنا ہوتا ہے، مگر بچے کے بہترین مفاد میں نہیں ہونے پر والدین کے حقوق کے اختتام ( terminate the parent’s rights, TPR) کی فائلنگ میں استثناء موجود ہیں۔ اس طرح کا ایک استثناء یہ ہو سکتا ہے کہ والدین کی رہائی جلدی ہو جائے گی، والدین اور بچوں کے بیچ ایک اہم انسیت موجود ہے، اور یہ مانا جاتا ہے کہ اتحاد نو ایک معقول پیمانۂ وقت کے اندر ہو سکتا ہے۔ جون 2010 میں، ASFA کا توسیع شدہ صوابدید کا قانون (Expanded Discretion Law) پاس ہو گیا تھا اور بعض ایسے والدین پر لاگو ہو سکتا ہے جن کی حالیہ یا گزشتہ اسیری 15 مہینوں سے زیادہ مدت تک رضاعی نگہداشت میں بچے کے رہنے میں ایک اہم عامل تھا۔ تمام فیصلے کیس کے ساتھ مخصوص ہونے چاہئیں اور بچے کے بہترین مفاد کو زیر غور رکھنا چاہیے۔ TPR کے لیے فائل کرنے میں استثناء کیس ریکارڈ میں واضح طور پر ضبط تحریر ہونا چاہیے۔ نئے قانون کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم دفتر برائے خدمات اطفال و خاندان کی ویب سائٹ، **www.ocfs.state.ny.us** پر جائیں۔